روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 16 اگست 2008ء 13 شعبان 1429 ہجری 16 ظہور 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 187

شیطان خون کی مانند دوڑتا ہے

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

ایسی عورتوں کے ہاں نہ جاؤ جن کے خاوند غائب ہوں کیونکہ شیطان انسان کی رگوں میں خون کی مانند دوڑتا ہے۔

(جامع ترمذی کتاب الرضاع باب کراهیة الدخول حدیث نمبر:1092)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

عورتوں کے حقوق کی جیسی حفاظت (۔) کی ہے ویسی کسی دوسرے مذہب نے قطعاً نہیں کی۔ مختصر الفاظ میں فرما دیا ہے۔(۔) کہ جیسے مردوں کے عورتوں پر حقوق ہیں ویسے ہی عورتوں کے مردوں پر ہیں۔ بعض لوگوں کا حال سنا جاتا ہے کہ ان بیچاریوں کو پاؤں کی جوتی کی طرح جانتے ہیں اور ذلیل ترین خدمات ان سے لیتے ہیں۔ گالیاں دیتے ہیں۔ حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں اور پردہ کے حکم ایسے ناجائز طریق سے برتتے ہیں کہ ان کو زندہ درگور کر دیتے ہیں چاہئے کہ بیویوں سے خاوند کا ایسا تعلق ہو جیسے دو سچے اور حقیقی دوستوں کو ہوتا ہے۔ انسان کے اخلاق فاضلہ اور خدا تعالیٰ سے تعلق کی پہلی گواہ تو یہی عورتیں ہوتی ہیں۔ اگر انہی سے اس کے تعلقات اچھے نہیں ہیں تو پھر کس طرح ممکن ہے کہ خدا تعالیٰ سے صلح ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (۔) تم میں سے اچھا وہ ہے جو اپنے اہل کے لئے اچھا ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 300)

جس نے عورت کو صالح بنانا ہو وہ خود صالح بنے۔ ہماری جماعت کے لئے ضروری ہے کہ اپنی پرہیزگاری کے لئے عورتوں کو پرہیزگاری سکھاویں ورنہ وہ گنہگار ہوں گے۔ اور جبکہ اس کی عورت سامنے ہو کر بتلا سکتی ہے کہ تجھ میں فلاں فلاں عیب ہیں تو پھر عورت خدا سے کیا ڈرے گی۔ جب تقویٰ نہ ہو تو ایسی حالت میں اولاد بھی پلید پیدا ہوتی ہے اولاد کا طیب ہونا تو طیبات کا سلسلہ چاہتا ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو پھر اولاد خراب ہوتی ہے اس لئے چاہئے کہ سب توبہ کریں اور عورتوں کو اپنا اچھا نمونہ دکھلاویں۔ عورت خاوند کی جاسوس ہوتی ہے۔ وہ اپنی بدیاں اس سے پوشیدہ نہیں رکھ سکتا۔ نیز عورتیں چھپی ہوئی دانا ہوتی ہیں۔ یہ نہ خیال کرنا چاہئے کہ وہ احمق ہیں۔ وہ اندر ہی اندر تمہارے سب اثروں کو حاصل کرتی ہیں۔ جب خاوند سیدھے راستہ پر ہو گا تو وہ اس سے بھی ڈرے گی اور خدا سے بھی.........سب انبیاء اولیاء کی عورتیں نیک تھیں۔ اس لئے کہ ان پر نیک اثر پڑتے تھے۔ جب مرد بدکار اور فاسق ہوتے ہیں تو ان کی عورتیں بھی ویسی ہی ہوتی ہیں۔ ایک چور کی بیوی کو یہ خیال کب ہو سکتا ہے کہ میں تہجد پڑھوں۔ خاوند تو چوری کرنے جاتا ہے تو کیا وہ پیچھے تہجد پڑھتی ہے؟ (۔) عورتیں خاوندوں سے متاثر ہوتی ہیں۔ جس حد تک خاوند صلاحیت اور تقویٰ بڑھاوے گا کچھ حصہ اس سے عورتیں ضرور لیں گی۔ ویسے ہی اگر وہ بدمعاش ہو گا تو بدمعاشی سے وہ حصہ لیں گی۔

(ملفوظات جلد سوم ص 163)

ضرورت اساتذہ

۞ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ محلّہ دارالیمن وسطی ربوہ میں ناصر ہائی سکول کے نام سے لڑکوں کیلئے ایک اردو میڈیم سکول کا آغاز کر رہی ہے۔ نئے تعلیمی سیشن اگست 2008ء سے اس سکول میں چھٹی کلاس سے نہم کلاس تک (لڑکوں کے لئے) باقاعدہ تدریس کا آغاز ہو جائے گا۔ لڑکوں کے اس سکول کے لئے نظارت تعلیم کو مندرجہ ذیل مضامین کے لئے ایسے احمدی مرد اساتذہ کی ضرورت ہے جو وقف کے جذبے کے ساتھ خدمت کا شوق رکھتے ہوں۔ مذکورہ اہلیت کے حامل احمدی اساتذہ سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درخواستیں بنام ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مصدقہ از صدر محلّہ/امیر جماعت مع اپنی اسناد کی نقول فوری نظارت تعلیم میں جمع کروا دیں۔ واقفین نو میں سے اگر کوئی اس معیار پر پورا اترتے ہوں تو ان کی درخواست کو ترجیحاً زیر غور لایا جائے گا۔

فزکس: تعلیمی قابلیت ایم ایس سی/بی ایس سی + بی ایڈ/بی ایس ایڈ ترجیحی اہلیت تجربہ

عربی: تعلیمی قابلیتایم اے عربی+بی ایڈ ترجیحی اہلیت تجربہ

(نظارت تعلیم)

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں
اپرنٹس نرسز کا داخلہ

۞ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں نرسنگ کی تربیت کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ایسے احمدی طلباء وطالبات جو خدمت کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں مورخہ 25/اگست 2008ء تک ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال کے نام ارسال کریں ۔ درخواستیں صدر صاحب محلّہ یا امیر صاحب جماعت کی سفارش کے ساتھ آنی چاہئیں۔ کم از کم تعلیم میٹرک فرسٹ ڈویژن/سیکنڈ ڈویژن ، ایف اے/ایف ایس سی ہو لیکن میٹرک سائنس کے ساتھ کیا ہو۔ اور عمر کی حد زیادہ سے زیادہ 20 سال ہے۔ ان شرائط پر پورا اترنے والے طلباء اور طالبات کا انگریزی B پیپر کا ٹیسٹ ہو گا۔ کامیابی کی صورت میں زبانی انٹرویو ہو گا۔ نرسنگ کورس تین سال پر محیط ہو گا۔ دوران ٹریننگ وظیفہ بھی ملے گا۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان "ہستی باری تعالیٰ"

برائے مجلس انصاراللہ پاکستان 09-2008ء

قواعد، ذیلی عناوین و امدادی کتب

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے مجلس انصاراللہ پاکستان ہر سال انصار، خدام، لجنہ، ناصرات اور اطفال کے مابین مقابلہ مقالہ نویسی منعقد کیا کرے گی۔

سال 09-2008ء کے لئے مقابلہ مقالہ نویسی کے عناوین ذیلی عناوین، قواعد اور امدادی کتب پر مشتمل تفصیلات ہر تنظیم کے لئے الگ الگ تیار کی گئی ہیں۔ جو باری باری شائع کی جا رہی ہیں۔

(ڈاکٹر عبدالخالق خالد۔ قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

قواعد:

☆عنوان مقالہ "ہستی باری تعالیٰ"

☆مقالہ کے الفاظ 60 ہزار سے کم اور ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد نہ ہوں۔ ایسے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے جن کے الفاظ کی تعداد 60 ہزار سے کم اور ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد ہوگی۔

☆مقالہ نگار اپنے الفاظ کی تعداد کو مقالہ کے ٹائٹل صفحہ پر نمایاں طور سے تحریر کریں۔

☆جن کتب کا حوالہ دیا جائے اُن کے مصنفین، کتاب کا نام، ایڈیشن، مطبع، سن اشاعت، جلد و صفحہ نمبر درج کیا جائے۔ اور حوالہ جات کو درست اور نمایاں طور سے تحریر کیا جائے۔

☆کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط تحریر کریں۔ مقالہ کے دائیں طرف حاشیہ ضرور چھوڑیں۔

☆مقالہ جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اگست 2009ء ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے۔

☆مقالہ نگار پہلے صفحہ پر مقالے کا عنوان، اپنا مکمل نام بمعہ ولدیت مکمل پوسٹل ایڈریس بمعہ فون نمبرز، اپنی تنظیم اور مجلس کا نام نمایاں طور پر تحریر کریں۔

☆اس مقابلہ میں مجلس انصاراللہ پاکستان کے اراکین شریک ہوں گے۔

☆مجلس انصاراللہ پاکستان کے اراکین اپنے مقالہ جات براہ راست قیادت تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان (ربوہ) کو بھجوائیں۔

☆مقالہ لکھنے والے اراکین کی راہنمائی کے لئے ذیلی عناوین اور امدادی کتب کی فہرست دی جا رہی ہے۔ تاہم مقالہ نویس ان کتب کے علاوہ مزید کتب سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں نیز اگر چاہیں تو وہ مزید ذیلی عناوین بھی بنا سکتے ہیں۔ تاہم مقالہ تحریر کرتے وقت قیادت تعلیم کی طرف سے دیئے گئے عناوین کے تحت لکھنا ضروری ہوگا۔

☆مقالہ نویس مقالہ مرکز میں جمع کروانے سے قبل ایک کاپی اپنے پاس رکھ لیں۔ مرکز میں جمع شدہ مقالہ واپس نہیں دیا جائے گا۔

☆مقالہ نویس اراکین کے لئے تمام قواعد کی پابندی لازمی ہے۔

انعامات:

اوّل: سیٹ روحانی خزائن+سند امتیاز+25 ہزار روپے نقد

دوم: سیٹ تفسیر کبیر+سند امتیاز+15 ہزار روپے نقد

سوم: سیٹ انوار العلوم+سند امتیاز+10 ہزار روپے نقد

ان تین انعامات کے علاوہ دس انعامات حُسن کارکردگی کی بناء پر اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو انعامی کتب اور سند امتیاز کی صورت میں دیئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ مقابلہ میں شرکت کرنے والوں کو سند شرکت بھی دی جائے گی۔

ذیلی عناوین:

1- دیگر مذاہب اور اقوام میں خدا کا تصور
2- اسلام میں خدا تعالیٰ کا تصور
3- ہستی باری تعالیٰ کے دلائل۔ عقلی، نقلی، روحانی اور سائنسی لحاظ سے
4- ہستی باری تعالیٰ پر اعتراضات اور ان کے جوابات
5- صفات باری تعالیٰ کا فہم و ادراک
6- صفات باری تعالیٰ سے خدا کی ہستی کا ثبوت
7- قبولیت دعا سے خدا کی ہستی کا ثبوت
8- معرفت الٰہی کی ضرورت، اہمیت اور اس کا حصول
9- بندے اور خدا کا تعلق
10- محبت الٰہی اور اس کے حصول کے ذرائع
11- عقیدہ وحدت الوجود اور وحدت الشہود کی حقیقت
12- تقدیر الٰہی۔ اس پر اعتراضات کے جوابات
13- ہستی باری تعالیٰ۔ اسلامی اور یورپی فلسفہ کی رو سے
14- قیام توحید کے لئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظیم الشان جدّ و جہد
15- صحابہ رسولؐ کی محبت الٰہی اور غیرتِ توحید کے حیران کن واقعات
16- خدا تعالیٰ اور اسکی توحید کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کے پُر معارف ارشادات
17- حضرت مسیح موعود کی محبت الٰہی اور تعلق باللہ
18- قیام توحید کے سلسلہ میں خلفاء احمدیت کے ارشادات
19- حیات بعد الموت کے تصور کی اہمیت

امدادی کتب:

قرآن کریم۔ کتب احادیث
1- تفسیر حضرت مسیح موعود مکمل
2- حقائق الفرقان از حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل
3- تفسیر صغیر+ تفسیر کبیر مکمل از حضرت مصلح موعود
4- ترجمۃ القرآن از حضرت خلیفۃ المسیح الرابع
5- کتب حضرت مسیح موعود (روحانی خزائن مکمل، ملفوظات جلد 1 تا 5)
6- خطبات نور از حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل
7- انوار العلوم از حضرت مصلح موعود
8- تقدیر الٰہی از حضرت مصلح موعود
9- خطبات محمود
10- خطبات ناصر
11- خطبات طاہر
12- الہام، عقل، علم اور سچائی (اردو ترجمہ: تصنیف حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)
13- خطبات مسرور
14- ہمارا خدا از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب
15- زندہ اور زندگی بخش خدا از محمد سلیم ملک صاحب مربی سلسلہ
16- خدا اور کائنات از پیام شاہجہان پوری صاحب
17- دلائل ہستی باری تعالیٰ از حضرت سید میر محمد اسحٰق صاحب
18- براہین العقائد از حضرت سید میر محمد اسحٰق صاحب
19- وید اور تناسخ از حضرت سید میر محمد اسحٰق صاحب
20- مرقاۃ الیقین فی حیات نور الدین از اکبر شاہ خان نجیب آبادی صاحب
21- حیات قدسی از حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی
22- صفات باری تعالیٰ از حضرت مرزا عبدالحق صاحب ایڈووکیٹ
23- اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات کا اسلامی تصور از مولانا دوست محمد شاہد صاحب

مضامین الفضل:

الفضل سالانہ نمبر بعنوان "ہستی باری تعالیٰ"۔ 30 دسمبر 2000ء

ہستی باری تعالیٰ پر گفتگو کرنے کا طریق۔ 7 جولائی 1942ء

ہستی باری تعالیٰ پر ایک سائنسدان کے سات دلائل۔ 30 اپریل 1947ء

عقیدہ وجود باری پر اہل نفسیات کے اعتراض کے جواب۔ 2،14 جنوری 1955ء

اللہ تعالیٰ کی ہستی اور سائنسدان۔ 10،12 نومبر 1960ء

اللہ تعالیٰ کی ہستی پر کامل یقین کس طرح ہو سکتا ہے۔ 20 مارچ 1959ء

اللہ تعالیٰ کے وجود کا زندہ ثبوت۔ 27 جون 1952ء

اللہ۔ صفات الٰہیہ۔ 27 اکتوبر، 3 نومبر 1914ء

"الہام" ہستی باری تعالیٰ کا سب سے بڑا ثبوت۔ 22 جون 1952ء

ایک دہریہ سے گفتگو۔ 11 دسمبر 1925ء

ثبوت ہستی باری تعالیٰ۔ 17،19،20 مارچ 1949ء

چند شکوک کا ازالہ۔ 15 اگست 1916ء

صفات الٰہیہ از حضرت مصلح موعود۔ 26 نومبر 1945ء

صفات الٰہیہ بعض اعتراضات کے جوابات۔ 6 اگست 1931ء

عقیدہ توحید کے متعلق ہادیان مذاہب کا اتفاق۔ 6 جنوری 1942ء

قدرت سے اپنی ذات کا دیتا ہے وہ ثبوت۔ 25 دسمبر 1960ء

قدرت کا ہر نیا انکشاف خدا کی ہستی کا ثبوت ہے۔ 23 ستمبر 1955ء

وجود باری تعالیٰ کا ثبوت۔ 19 جون 1962ء

وجود باری سائنس کی نظر میں۔ 10 فروری 1962ء

ہستی باری تعالیٰ سے متعلق تین سوال (از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب) 25 دسمبر 1948ء

ہستی باری تعالیٰ کے متعلق ایک روسی چیلنج اور اس کا جواب (از ابو العطاء صاحب جالندھری) 21،22 اگست 1959ء

ہستی باری تعالیٰ کے متعلق فطرت کی آواز (از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب) 14 مارچ 1959ء

ہمارا خدا از حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب۔ 6 جنوری 1943ء

ہستی باری تعالیٰ پر مزید مضامین الفضل۔ 24 ستمبر 1947ء، 14 نومبر 1960ء، 20 جولائی 1955ء،

23 ستمبر 1947ء، 9،11 مئی 1952ء، 4 نومبر 1960ء

رسائل:

"ریویو آف ریلیجنز"۔ "الفرقان"۔ ماہنامہ "انصاراللہ"۔ "خالد"۔ "مصباح"۔ "تشحیذ الاذہان"

اخبارات:

الحکم۔ البدر۔ الفضل۔ الفضل انٹرنیشنل

☆☆☆☆☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

احمدی خواتین اور تحریک وقف زندگی

ب۔بشیر

قسط اول

دین کو دنیا پر مقدم کرنے اور جان مال وقت اور اولاد کو جماعت کے لئے وقف کرنے کا جذبہ حضرت اقدس مسیح موعود نے اپنے رفقاء میں راسخ فرما دیا تھا۔ بہت سے رفقاء اپنا سب کچھ لے کر آپ کے قدموں میں آ کر بیٹھ گئے اور حضرت اقدس نے ان کو دین کے کاموں میں لگا دیا۔ حضرت مصلح موعود نے عزم واستقلال کے ساتھ احمدیت کی ترقی واستحکام کے لئے طویل منصوبہ بندی فرمائی۔ آپ نے 28 دسمبر 1960ء کے جلسہ سالانہ کے موقع پر ارشاد فرمایا۔

''ہماری جماعت کے ہر بچے، ہر نوجوان، ہر عورت اور ہر مرد کو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ ہمارے سپرد اللہ تعالیٰ نے اپنی بادشاہت کو دنیا میں قائم کرنے کا جو اہم کام کیا ہے اس سے بڑھ کر دنیا کی اور کوئی امانت نہیں ہو سکتی.......... اس کے مقابلے میں دنیا کی بادشاہتیں کوئی حقیقت نہیں رکھتیں بلکہ ان کو اس سے اتنی بھی نسبت نہیں جتنی ایک معمولی کنکر کو ایک ہیرے سے ہوسکتی ہے۔ پس اپنی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہوئے......احمدیت کی اشاعت میں سرگرمی سے حصہ لو اور اس غرض کے لئے زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو خدمت دین کے لئے وقف کرو تا کہ ایک نسل کے بعد دوسری نسل اور دوسری کے بعد تیسری نسل اس بوجھ کو اٹھاتی چلی جائے اور قیامت تک (دین حق) کا جھنڈا دنیا کے تمام جھنڈوں سے اونچا لہراتا رہے۔

پس خدمت دین کے لئے اس اہم موقعہ کو جو تم کو صدیوں کے بعد نصیب ہوا ہے۔ ضائع مت کرو اور اپنے گھروں کو خدا کی برکتوں سے بھر لو۔''

(الفضل 6 جنوری 1961ء)

اگر انصاف کی نظر سے دیکھا جائے تو خدمت دین کے لئے وہی نوجوان آگے آ سکتا ہے جس نے اپنے گھر میں دین کو دنیا پر مقدم ہوتے ہوئے دیکھا ہو۔ جس نے ایسی ماں کی گود میں پرورش پائی ہو جو دین کی شیدائی ہو اور احمدیت کو اکناف عالم میں پھیلا دینے کی ایک بے تاب تمنا اپنے دل میں رکھتی ہو۔ جس نے ایسی ماں کا دودھ پیا ہو جو عشق خدا اور عشق رسول ﷺ کی محبت سے سرشار ہو اور جو دین کی سربلندی کے لئے اپنا سب کچھ قربان کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہو۔

حضرت فضل عمر نے اپنے 13 فروری 1947ء کے خطاب میں اس عظیم قربانی کی بڑی اچھی مثال دی ہے۔ آپ فرماتے ہیں:۔

''جس طرح بھڑ بھونجا اپنی بھٹی میں پتے ڈالتا ہے۔ اسی طرح ہمیں بھی اپنے آدمی دین کی بھٹی میں ڈالنے ہوں گے۔ تب کہیں (دین حق) کامیاب ہوگا''

(الفضل 30 جون 1961ء)

چنانچہ ہر وہ عورت جو صحیح معنوں میں احمدی ہے بانی احمدیت کی تعلیم پر عمل پیرا ہے وہ مربیہ ہے اور تمام زندگی اپنے قول، فعل اور عمل سے دعوت الی اللہ میں مصروف رہتی ہے۔ ایسی ہی صالح خواتین اپنے گھر میں بھی اعلیٰ نمونہ کی حامل ہوتی ہیں۔ احمدیت کی تاریخ شاہد ہے کہ بہت سی نیک اور متقی ماؤں نے ایسے رنگ میں بچوں کی تربیت کی کہ سن شعور کو پہنچ کر خود بخود وہ اپنی زندگی دین کے لئے وقف کرنے کو تیار ہو گئے۔

جہاں اس مادہ پرست معاشرہ میں آج کی نئی نسل عیش و عشرت کی دلدادہ ہے وہاں احمدی ماؤں کی گود میں پلنے والے اور احمدی ماؤں کے تربیت یافتہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں اپنے تن من دھن کی قربانی دینے کے لئے ہمہ تن تیار نظر آتے ہیں۔

ایک بیوی کی حیثیت سے بھی مربیان کی بیویاں مسلسل قربانیاں دیتی چلی آ رہی ہیں۔ جو خواتین اپنے خاوندوں کے ہمراہ غیر ممالک میں جاتی ہیں وہ ہر کام میں ہر قدم پر ان کا ساتھ دیتی ہیں احمدیہ مشن میں رہتے ہوئے مہمانوں کی آمد پر ان کے قیام وطعام کا انتظام کرنا۔ بچوں کی تعلیم وتربیت اور احمدی خواتین کی تعلیم وتربیت کی وہی ذمہ دار ہوتی ہیں۔ گویا اپنے خاوندوں کے ساتھ غیر ممالک میں قدم بقدم خدمت اور قربانی میں برابر کی شریک ہوتی ہیں اور وہ خواتین جو اپنے خاوندوں کے ہمراہ باہر نہیں بھجوائی گئیں یا جاتیں وہ بھی نہایت نامساعد حالات کا مقابلہ بڑی ہمت اور صبر سے کر کے اپنے خاوندوں کو ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ رکھتی ہیں۔

اس موضوع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے لجنہ اماء اللہ کے خطاب بر موقع جلسہ سالانہ یو کے 1992ء میں جن عظیم الشان الفاظ میں احمدی خواتین کو خراج تحسین سے نوازا اس کی مثال ملنا محال ہے۔ فرماتے ہیں:۔

''احمدی عورتوں نے سنہری حروف میں احمدیت کی تاریخ سجا رکھی ہے۔ یہ وہ زیور ہے جس سے بڑھ کر حسین زیور اور کوئی نہیں۔ احمدی خواتین کی قربانیوں کی ایک عظیم طویل داستان ہے جو حقیقت میں نہ ختم ہونی والی ہے۔ آپ اپنی قربانیوں سے جو داستانیں لکھ رہی ہیں وہ بھی زندہ رہیں گی اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے عزت واحترام کے ساتھ پڑھی جائیں گی اور سنی جائیں گی۔

بہت سی ایسی خواتین ہیں جن کی خاموش قربانیاں گویا تاریخ میں دفن ہو گئیں لیکن وہ زندہ جاوید ہیں۔ ان کی ایک ایک دن کی دردناک داستان اس قابل ہے کہ اسے ہمیشہ زندہ رکھا جائے اور ہمیشہ آنے والی نسلوں کو سنایا جائے۔ کیونکہ کوئی قوم دنیا میں عظیم قربانیاں پیش نہیں کرسکتی جب تک اس قوم کی خواتین اپنے مردوں کے ساتھ نہ ہوں۔ جب تک مردوں کو یہ یقین نہ ہو کہ ہماری خواتین اپنے دل اور اپنی جان اور اپنی عزت اور اپنے احترام کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اپنا سب کچھ اس خدمت میں جھونک دینے کے لئے تیار بیٹھی ہیں۔ جس خدمت پر ہم مامور دکھائی دیتے ہیں وہ دکھائی نہیں دیتیں تب تک مرد پورے حوصلے اور عزم اور صبر اور استقلال کے ساتھ وہ قربانیاں پیش نہیں کر سکتے۔ یہ بھی بہت وسیع اور لمبا ذکر ہے۔ گزشتہ ایک سو سال میں جماعت احمدیہ کی خواتین نے کس عظمت کے ساتھ کس ثبات قدم کے ساتھ احیائے کلمۃ اللہ کے لئے قربانیاں پیش کی ہیں ان کا ذکر جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے بہت لمبی داستان ہے اور آج میں نے بہت ہی محنت کے بعد کچھ چیزیں چن کر الگ کی ہیں تا کہ یہ نمونے آپ کے سامنے رکھ سکوں اور آپ کی وساطت سے ساری دنیا کے مردوں کو بھی پتہ چلے کہ احمدی خواتین ہیں کیا؟ اور کتنی عظیم قربانی کرنے والی عورت آج اس زمانے میں پیدا ہوئی ہے۔

میں جن قربانیوں کا ذکر کرنے والا ہوں وہ ابدی قربانیاں ہیں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے، ان قربانیوں میں اور عیسائی دنیا کی ان قربانیوں میں ایک فرق ہے جو عیسائی خواتین نے عیسائیت کی خاطر پیش کی تھیں۔ وہ فرق یہ ہے کہ عیسائی خواتین کا ایک بہت ہی معمولی حصہ تھا جو سو میں سے ایک بھی نہیں بلکہ ہزار میں سے ایک بھی نہیں تھا اس سے بھی کم جنہوں نے عیسائیت کے لئے عظیم الشان قربانیاں کی ہیں لیکن دنیا میں ایک ہی جماعت ہے جس کی تمام خواتین خدا کے فضل کے ساتھ اپنے دل وجان کے ساتھ اس عظیم خدمت پر مامور ہیں۔ لیکن ایک اور فرق بھی تو ہے کہ ان کی قربانیاں لوگوں کے سامنے چلتی پھرتی ہیں اور دکھائی دیتی ہیں ہماری خواتین کی قربانیاں پس پردہ ہیں اس میں دکھاوے کا کوئی بھی دخل نہیں اور خدا کے حضور وہ قربانیاں پیش کرتی چلی جاتی ہیں............ آپ کی اگلی نسلوں کی قربانیوں کی روح کی حفاظت کے لئے ضروری ہے کہ ان کے علم میں ہو کہ ان کی مائیں کیا تھیں۔ ان کی بہنیں کیا تھیں۔ ان کی نانیاں دادیاں کیا چیز تھیں۔ کس طرح انہوں نے احمدیت کی راہ میں اپنے خون کے قطرے بہائے اور اس کی کھیتی کو اپنے خون سے سیراب کیا۔ اس لئے میں امید رکھتا ہوں کہ یہ مضمون اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ (دین حق) میں عورت کا مقام سمجھنے میں بھی دنیا کو مدد دے گا اور احمدی خواتین میں بھی ایک نئی خوداعتمادی پیدا ہوگی۔ ہماری موجودہ نسلیں بھی پرانی نسلوں کی عظمتوں سے حصہ پائیں گی یا حصہ پانے کے لئے نیا ولولہ پیش کریں گی اور آپ کی قربانیوں سے حصہ پانے کے لئے اور آپ کی تقلید کے لئے اگلی نسلوں میں ولولہ پیدا ہوگا۔

جہاں تک وقف اور وقف کی روح کا تعلق ہے کس طرح احمدی مائیں اپنے بچوں کو وقف کرتی ہیں یا اپنے خاوندوں کو خدا کے حضور پیش کرتی ہیں یا اپنے بیٹوں کو پیش کرتی ہیں اس سلسلہ میں سب سے پہلے تو حضرت اماں جان سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ کا ذکر کرتا ہوں۔

حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے جس رنگ میں آپ کی تربیت فرمائی اور وہ تربیت جس طرح زندگی کا ایک دائمی نقش بن گئی اس کا نمونہ ایک خط کے جواب کے طور پر ہمارے سامنے ہے۔

حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد جو اس وقت صاحبزادہ محمود احمد کہلاتے تھے انہوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے ایک مشورہ کا ذکر کرتے ہوئے حضرت اماں جان کو لکھا کہ بتائیے آپ کا کیا منشاء ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے ایک مشورہ دیا ہے کہ یوں کرو اور حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد کے دل میں اپنی والدہ کا جو ایک خاص مقام تھا اس کے پیش نظر انہوں نے مناسب سمجھا کہ میں ان سے بھی مشورہ کر لوں اس کے جواب میں حضرت اماں جان نے لکھا:۔

''خط تمہارا پہنچا۔ سب حال معلوم ہوا۔ مولوی صاحب (یعنی حضرت خلیفۃ المسیح الاول) کا مشورہ ہے کہ پہلے حج کو جاؤ اور میرا جواب یہ ہے کہ میں تو دین کی خدمت کے واسطے تم کو اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دے چکی ہوں اب میرا کوئی دعویٰ نہیں وہ جو دینی خدمت کو نہیں گئے بلکہ سیر کو گئے ان کو خطرہ تھا اور تم کو کوئی خطرہ نہیں۔ خداوند کریم اپنے خدمت گاروں کی آپ حفاظت کرے گا۔ میں نے خدا کے سپرد کر دیا۔''

یہ وہ روح تھی جس روح نے آگے احمدی خواتین میں پرورش پائی ہے اور نشوونما کے نتیجے میں خوب پروان چڑھی ہے۔ اب بعض دوسری خواتین کے تعلق باللہ اور دین کی خاطر ہر قسم کی قربانی پیش کرنے کے چند واقعات آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔

سب سے پہلے حضرت سید عبداللطیف صاحب کے بارے میں تاریخ احمدیت میں درج ہے کہ جب حضرت صاحبزادہ عبداللطیف صاحب کو قربان کر دیا گیا تو حکومت افغانستان کی طرف سے آپ کی اہلیہ اور بچوں پر بہت مظالم ڈھائے گئے ان کو ایک جگہ نظر بند کر دیا گیا وہ ایسے مظالم ہیں کہ ان کے ذکر سے کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ مگر انہوں نے قابل رشک صبر واستقلال کا نمونہ دکھایا۔ آپ کی اہلیہ ہر موقع پر یہی فرماتی رہیں۔

''اگر احمدیت کی وجہ سے میں اور میرے چھوٹے چھوٹے بچے قربان کر دیئے جائیں تو اس پر خدا تعالیٰ کی بے حد شکرگزار ہوں گی اور بال بھر بھی اپنے عقائد میں تبدیلی نہ کروں گی۔''

پس جیسا کہ وہ عظیم خاوند تھا ویسی ہی عظیم ان کی بیگم تھیں اور ماں کا اپنے بچوں کو اس طرح بکریوں کی طرح خدا کے حضور پیش کر دینا اور پھر اس خوشی اور یقین کے ساتھ اور اس صداقت کے ساتھ ان کا یہ اظہار کہ 'بال بھر بھی اپنے عقائد میں تبدیلی نہیں کروں

گی۔'' ان کا جو یہ فقرہ ہے سادہ سا ہے لیکن اس میں گہری صداقت ہے............

پھر آپ کی بہوؤں کے متعلق قربانیوں کے ذکر بڑی تفصیل کے ساتھ ملتے ہیں کہ انہوں نے نظر بندی کے وقت بہت خطرناک تکلیفوں اور بھوک اور پیاس کے دکھ برداشت کرتے ہوئے کس طرح احمدیت پر ثبات قدم دکھایا اور اپنے بچوں کی بھی نہایت اعلیٰ درجہ کی تربیت کی جو اب خدا کے فضل سے ایک جاری و ساری کہانی بن گئی ہے اور صاحبزادہ صاحب کی اولاد میں نسلاً بعد نسل اسی خلوص کی جھلکیاں دکھائی دیتی ہیں جو اس عظیم شہید کے خون میں دکھائی دیا کرتی تھیں۔ ان کا ورثہ آگے نسلوں میں جاری کرنے میں ماؤں نے دخل دیا ہے۔ یہ میں آپ کو سمجھانا چاہتا ہوں۔ یہ بات یاد رکھیے کہ ایک انسان خواہ کتنی ہی بڑی عظیم قربانی کیوں نہ پیش کرے اگر اس کی بیوی اس کا ساتھ نہ دے تو اولاد ضائع ہو جایا کرتی ہے۔ اولاد میں یہ نیکیاں نہیں چلا کرتیں۔ اس (قربانی) کی صداقت اس کی بیوی کی وساطت سے اس کی اولاد میں پہنچی۔ پس آج ساری دنیا میں پھیلی ہوئی حضرت صاحبزادہ صاحب کی اولاد ان ماؤں کو بھی خراج تحسین پیش کر رہی ہے جن ماؤں نے ان کی عظمت کردار کو مستقل بنانے میں یہ عظیم حصہ لیا۔

بعد کے دور میں آپ تاریخ میں یہ واقعات تو کثرت سے پڑھتی ہوں گی کہ کس طرح افریقہ میں جماعت پھیلی، کس طرح امریکہ میں جماعت پھیلی۔ کس طرح یورپ میں قربانیاں پیش کی گئیں کس طرح مشرق میں اور کس طرح مغرب میں لیکن بہت کم لوگوں کے سامنے ان خواتین کی قربانیاں آتی ہیں جنہوں نے محض اپنے خاوندوں کو خدمت دین کی بھٹی میں نہیں جھونکا اللہ بہتر جانتا ہے بلکہ اللہ بہتر جانتا ہے کہ خود کس کس دکھ میں مبتلا ہو کر صبر کے ساتھ انہوں نے وہ دن کاٹے ہیں۔ میرا تجربہ یہی ہے کہ جانے والا اتنی تکلیف محسوس نہیں کرتا۔ جتنا پیچھے رہ جانے والے تکلیف محسوس کیا کرتے ہیں۔ اس لئے کوئی نہیں کہہ سکتا۔ کہ ہمارے داعیان الی اللہ نے جو قربانیاں دعوت الی اللہ کے میدان میں پیش کی ہیں۔ وہ پیچھے چھوڑی جانے والی بیویوں اور بچیوں کی نسبت سخت قربانیاں تھیں۔ بلکہ میرا دل یہی گواہی دیتا ہے کہ معاملہ اس کے برعکس تھا۔ مرد تو کاموں میں مصروف ہو جاتے ہیں ان کے دل بہلانے کے لئے اللہ تعالیٰ اور رنگ میں سامان کرتا چلا جاتا ہے مگر جو بیویاں خاوندوں کی زندگی میں بیواؤں کی طرح زندگی بسر کر رہی ہوں وہ بچے جو اپنے باپوں کی زندگی میں یتیموں کی سی حالت میں دن گزار رہے ہوں ان کی کیفیت تو پھر وہی جان سکتے ہیں جنہوں نے وہ کچھ دیکھا ہو...........۔

جذبات کی قربانی

حکیم فضل الرحمٰن صاحب مربی افریقہ کی زندگی بھی بہت لمبا عرصہ باہر گزری۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی حکیم فضل الرحمان صاحب کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''وہ شادی کے تھوڑا عرصہ بعد ہی مغربی افریقہ میں دعوت الی اللہ کے لئے چلے گئے تھے اور 13، 14 سال تک باہر رہے جب وہ واپس آئے تو ان کی بیوی کے بال سفید ہو چکے تھے اور ان کے بچے جوان ہو چکے تھے''۔

شیخ محمود احمد صاحب عرفانی ایڈیٹر الحکم قادیان اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ میری دوسری ہمشیرہ حمیدہ خاتون عرفانی اہلیہ مولوی مطیع الرحمان صاحب بنگالی مربی امریکہ سخت بیمار تھیں اور مرض کے شدید دورے ہوتے تھے جن کی وجہ سے وہ ہر وقت موت کے قریب ہو جاتی تھیں۔ درد اس شدت سے اٹھتی تھی کہ چیخیں دور دور تک سنائی دیتی تھیں اس حالت میں مولوی صاحب موصوف کو امریکہ جانے کا حکم ہوا۔ مولوی صاحب نے اپنی اہلیہ کی شدید تکلیف کی حالت کو دیکھ کر کہا حمیدہ! اگر تم کہو تو میں حضرت صاحب کو کہہ کر اپنا سفر منسوخ کرا لوں۔ مگر بستر مرگ پر لیٹی ہوئی حمیدہ خاتون نے کہا نہیں نہیں آپ جائیں اور مجھے خدا کے حوالے کر دیں۔ خدمات سلسلہ کے اس موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ چنانچہ مولوی صاحب موصوف امریکہ کے سفر میں ابھی لندن ہی پہنچے تھے کہ حمیدہ خاتون اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر کے جنت کو سدھاریں۔

مولوی نذیر احمد صاحب مبشر سیالکوٹی

کے بارے میں اسی کتاب میں لکھا ہے کہ مولوی نذیر احمد صاحب مبشر نکاح کے بعد رخصتانہ سے قبل ہی افریقہ چلے گئے تھے۔ اس زمانے میں مربیان کی بھی اتنی کمی تھی اور دنیا میں مختلف جگہوں پر ایسے تقاضے پیدا ہو رہے تھے کہ حضرت مصلح موعود اتنا بھی انتظار نہیں کر سکتے تھے کہ جس کا نکاح ہو چکا ہے اس کو شادی کی ہی اجازت دے دیں۔ رخصتی کا ہی انتظار کر لیں چنانچہ ادھر نکاح ہوا اور ادھر افریقہ میں ضرورت پڑی تو آپ کو افریقہ بھجوا دیا گیا۔ پھر جنگ کی وجہ سے واپس نہ ہو سکے۔ وہ لکھتے ہیں کہ اب ان کو 8، 9 سال کے قریب ہو گئے ہیں اور ابھی عزیزہ موصوفہ کا رخصتانہ نہیں ہوا۔ مجھے یاد نہیں کہ کتنی مدت کے بعد آئے تھے تو وہ کنواری دلہن بوڑھی ہو چکی تھی اور اس عمر میں داخل ہو گئی تھی جس کے بعد پھر بڑھاپے کے انتظار کے چند سال ہی رہ جایا کرتے ہیں۔ انہوں نے اکثر وقت تنہائی اور جدائی میں کاٹا۔

حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب درد

کی بیوی نے جو قربانیاں پیش کی ہیں ان کا ذکر خود حضرت مصلح موعود ان الفاظ میں فرماتے ہیں ''مجھے یاد ہے جب ہم نے درد صاحب کو ولایت بھیجا ہے تو ان کی تنخواہ ایک سو روپیہ ماہوار تھی۔ چندہ اور دوسری کٹوتیوں کے بعد انہیں ساٹھ روپے ماہوار ملتے تھے۔ (اس سے بھی اندازہ کریں کہ اس زمانہ کے واقفین چندہ میں کتنا حوصلہ دکھایا کرتے تھے۔ وسیع قلب کے ساتھ چندہ دیا کرتے تھے)............جس میں سے بڑا حصہ وہ اپنی والدہ کو بھیج دیتے تھے۔ ان کی دو بیویاں تھیں اور ان میں سے ہر ایک کے چار چار پانچ پانچ بچے تھے وہ ہمارے مکان کے ایک حصہ میں جو کچا تھا جس میں آج کل کے کلرک بھی رہنا پسند نہیں کرتے، رہتی تھیں۔ مجھے یاد ہے اور مجھے معلوم کر کے سخت صدمہ ہوا کہ ان کی بیویوں کے حصہ میں چار چار، پانچ پانچ بچوں سمیت صرف 14، 14 روپے ماہوار آتے تھے۔ ان کی بیوی کا ایک بھائی جلد ساز تھا جس کے پاس فرمہ شکنی کے لئے جب کوئی کتاب آتی تو وہ خود اور دوسری بیوی فرمے توڑ توڑ کر کچھ رقم پیدا کر لیا کرتی تھیں۔ جس سے ان کا گزارہ ہوتا تھا۔

حضرت مصلح موعود نے 1956ء میں لجنہ کے سالانہ اجتماع میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

ہمارے کئی مربی ایسے ہیں جو دس دس پندرہ پندرہ سال تک بیرونی ممالک میں فریضہ (دعوت الی اللہ) ادا کرتے رہے اور وہ اپنی نئی بیاہی ہوئی بیویوں کو پیچھے چھوڑ گئے۔ ان عورتوں کے بال اب سفید ہو چکے ہیں لیکن انہوں نے اپنے خاوندوں کو کبھی یہ طعنہ نہیں دیا کہ وہ انہیں شادی کے بعد چھوڑ کر لمبے عرصہ کے لئے باہر چلے گئے تھے ہمارے ایک (مربی) مولوی جلال الدین صاحب شمس ہیں وہ شادی کے تھوڑا عرصہ بعد ہی یورپ چلے گئے تھے ان کے واقعات سن کر بھی انسان کو رقت آ جاتی ہے۔ ایک دن ان کا بیٹا گھر آیا اور اپنی والدہ سے کہا کہ امی ابا کسے کہتے ہیں۔ ہمیں پتہ نہیں ہمارا ابا کہاں گیا ہے۔ کیونکہ وہ بچے ابھی تین تین چار چار سال کے تھے کہ شمس صاحب یورپ دعوت الی اللہ کے لئے چلے گئے اور جب واپس آئے تو وہ بچے 17، 17، 18، 18 سال کے ہو چکے تھے۔ اب دیکھو یہ ان کی بیوی کی ہمت اور اس بیوی کی ہمت ہی کا نتیجہ تھا کہ وہ ایک لمبے عرصہ (دعوت الی اللہ) کا کام کرتے رہے۔ اگر وہ انہیں اپنی درد بھری کہانیاں لکھتی رہتیں تو وہ یا تو خود بھاگ آتے یا سلسلے کو مجبور کرتے کہ انہیں بلا لیا جائے۔

یہ بالکل درست تجزیہ ہے۔ وہ عورتیں جو اپنے خاوندوں کو درد بھری کہانیاں لکھتی رہتی ہیں اگر ان کے خاوندوں میں انسانیت ہو تو اتنا زبردست دباؤ ان پر پڑ جاتا ہے۔ کہ پھر وہ اس کام کو جاری نہیں رکھ سکتے۔ تو وہ تمام مربیان جنہوں نے سابقہ ایک سو سال میں عظیم خدمتیں سرانجام دیں ہیں ان کے پیچھے بے شمار ان لکھی داستانیں ہیں جو ان کی بیویوں کی قربانیوں کی صورت میں لکھی گئیں۔ چند ایک کے تذکرے آپ کے سامنے آئیں گے لیکن اندازہ کریں کہ ان میں سے ہر ایک نے اتنی قربانیاں دی ہیں اور ہر روز قربانیاں دے رہی ہیں کہ اگر ان کی داستان لکھی جائے تو شاید سالہا سال تک پڑھی جائے تب بھی ختم نہ ہو لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ وہ داستانیں لکھی گئی ہیں اور لکھی جا رہی ہیں۔............ وہ آسمان کے نوشتوں پر لکھی گئی ہیں اس خدا کے فرشتوں نے لکھی ہیں جو فرماتا ہے کہ ایک ایسی کتاب ہے جو نہ چھوٹے کو چھوڑتی ہے اور نہ بڑے کو ہر چیز اس میں تحریر کی جا رہی ہے۔ پس آسمان پر وہ قربانیاں لکھی گئی اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ان کے اجر لکھے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک ذرّہ بھی ضائع نہیں گیا۔

انسان تو انسان کی قربانیوں اور خدمتوں کو بھول جایا کرتے ہیں مگر اللہ کبھی نہیں بھولتا۔ اس لئے ہم جو انسانوں کو سناتے ہیں تو محض اس لئے کہ ان کے اندر بھی قربانیوں کے ولولے پیدا ہوں ورنہ یہ سنانا ان عظیم عورتوں کی قربانیوں کی جزا نہیں۔ جزا تو خود خدا کے پاس ہے اور وہی ہے جو ہمیشہ ان کو جزا دیتا چلا جائے گا۔

(مربیان) کرام کی بیویاں جن کے خاوند دعوت الی اللہ کے لئے ایک لمبا عرصہ ملک سے باہر رہے اور انہوں نے یہ وقت بغیر خاوندوں کے گزارا ہے ان میں سرفہرست **حکیم فضل الرحمان صاحب کی اہلیہ ہیں**۔ 23 سال نائیجیریا میں رہے۔ پہلے سات سال مسلسل اور پھر 16 سال مسلسل۔ دونوں مرتبہ ان کی بیوی نے اکیلے وقت گزارا ہے۔ آپ جانتی ہیں کہ شادی کے بعد عورت کی شادی کی خوشیوں کی جو زندگی ہے وہ بمشکل 23 سال تک چلتی ہے۔ اس کے ساتھ بچوں کے بوجھ بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ کئی قسم کی بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں اور غربت اگر ہو تو پھر اور بھی مصیبت بنتی ہے اور بعد میں تو زندگی گھسیٹنے والی بات ہے تو خاوند کی 23 سال کی جدائی کے بعد اس کا کیا باقی رہا ہوگا اور کونسی خوشیاں اس نے زندگی میں دیکھی ہوں گی یا اپنے بچوں کو خوشیاں دکھائی ہوں گی۔

پھر مکرمہ امتہ الرفیق صاحبہ اہلیہ غلام حسین صاحب ایاز ہیں۔ ایاز صاحب مسلسل ساڑھے پندرہ سال سنگاپور میں رہے۔ اب تو سنگاپور یوں لگتا ہے کہ چھلانگ لگاؤ تو سنگاپور چلے جاؤ۔ اس زمانے میں جبکہ قادیان سے سنگاپور نسبتاً بہت نزدیک ہے اتنی دور دکھائی دیتا تھا اور جماعت اتنی غریب تھی کہ سنگاپور بھیج کر جماعت نے گویا کالے پانی بھجوا دیا............ یہ عرصہ سنگاپور بھیج کر وہاں سے بلانے کی توفیق نہ تھی۔ ٹکٹ بھیجنے کی توفیق نہیں تھی۔ آج آپ جماعت کو جس حال میں دیکھ رہے ہیں اب تو 126 ممالک سے بھی بڑھ گئے ہیں۔ جہاں حضرت مسیح موعود کا پیغام تمام دنیا میں زمین کے کناروں تک پہنچا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ ان کے پیچھے جن عظیم خواتین نے قربانیاں پیش کی ہیں اور اس فصل کی آبیاری کی ہے ان کا بھی کبھی کبھی ذکر چلتے رہنا چاہئے تاکہ آئندہ نسلیں ہمیشہ ان پر درود اور سلام بھیجتی رہیں۔

☆☆☆

ماخوذ

کلاشنکوف کی وجہ سے دنیا میں ہر سال اڑھائی لاکھ افراد ہلاک ہو جاتے ہیں

شاید ہی کوئی پاکستانی ہو جو روسی ساختہ رائفل اے کے 47 سے واقف نہ ہو، تاہم، آگ اور موت اُگلتی یہ بلا اپنے اصلی نام کے بجائے اپنے خالق کی نسبت سے کلاشنکوف کہلاتی ہے۔ گزشتہ تیس سال کے دوران ہمارے معاشرے میں زور پکڑنے والے تشدد کے باعث خاص طور پر بدامنی سے متاثرہ علاقوں کے باسی نہ صرف اس ہتھیار کے نام سے واقف ہیں بلکہ ان میں سے متعدد اس کی آواز بھی پہچان جاتے ہیں۔ صوبہ سرحد سے ملحق قبائلی علاقوں میں تو بچے بھی اے کے 47 سے کھیلتے نظر آتے ہیں۔ یہ قیامت خیز اور مہلک ایجاد اپنی بناوٹ اور تیزی سے موت بانٹنے کے باعث ہر قسم کے عسکریت پسند حلقوں میں بہت مقبول ہے اور تو اور اس کی دہشت انگیز ''خوبصورت'' اور غضب کی کارکردگی تشدد کا رجحان رکھنے والے عام لوگوں کو بھی فوراً متاثر کر دیتی ہے۔

اس خونی ہتھیار کو رواج دینے میں فلموں کا بھی بڑا ہاتھ ہے۔ مثلاً 1987ء میں ریلیز ہونے والی ہالی وڈ کی ایک فلم میں ہیرو مشین گن اور اے کے 47 سے لیس ہیرو کو اپنے دشمنوں پر قہر برپا کرتے دیکھ کر برطانیہ کے شہر ہنگر فورڈ میں پرورش پانے والے ٹین ایجر مائیکل ریان پر مشین گن اور اے کے 47 کا سحر کچھ اس طرح طاری ہوا کہ اس نے اپنی پاکٹ منی سے پیسے بچا کر کلاشنکوف خرید لی، بس پھر کیا تھا! فلم کے ہیرو کی پیروی کرتے ہوئے اس نے صرف سنسنی خیزی کی خاطر اپنی کلاشنکوف سے کئی افراد کو بھون ڈالا۔

یہ رائفل برصغیر پاک و ہند سمیت دنیا بھر میں حشر مچائے ہوئے ہے۔ ہمارے یہاں پُرتشدد واقعات اور مسلح تصادم کے سانحات میں یہ ہتھیار استعمال ہوتا رہا ہے، جبکہ مختلف سیاسی شخصیات اس فتنہ ساماں رائفل کے سائے میں خود کو محفوظ تصور کرتے ہیں۔

پاکستان کی طرح بھارت میں بھی اے کے 47 رائفل کا نظارہ عام ہے۔ مایاوتی، ملائم سنگھ اور بال ٹھاکرے سمیت تنازعات میں الجھے دیگر بھارتی سیاستدان، بھائی لوگ کہلانے والے ممبئی کے غنڈے اور بعض فلمی شخصیات بھی اپنی حفاظت کے لئے کلاشنکوف رکھنا ضروری خیال کرتی ہیں۔

جون 2007ء میں مائیکل ہو جس نامی ایک مصنف انگریز نے ساری دنیا میں گھوم کر اے کے 47 کی طاقت اور کارستانیوں کے بارے میں معلومات جمع کی ہیں اور انہیں کتابی صورت میں شائع کیا ہے۔ یہ کتاب کلاشنکوف کی ہلاکت خیزیوں کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتی ہے۔

تازہ ترین خبر یہ ہے کہ روس کے شہر ایذے وسک میں اے کے 47 رائفل کا میوزیم قائم کیا گیا ہے۔ سات لاکھ آبادی والے اس شہر میں قائم ہونے والے اے کے 47 کے میوزیم کو دیکھنے کے لئے دنیا بھر سے ہر ماہ 10,000 سیاح آتے ہیں۔ کلاشنکوف میوزیم اس شہر میں قائم کرنے کی وجہ بڑی سیدھی سی ہے، دراصل اے کے 47 کے موجد میخائل کلاشنکوف اسی شہر میں پیدا ہوئے تھے۔ آتشیں اسلحے کی دنیا میں کلاشنکوف کی ایجاد مؤثر ترین ثابت ہوئی، کیونکہ اس ہتھیار کی بدولت ایک عام سے جسمانی طاقت رکھنے والے شخص کو بھی یہ صلاحیت حاصل ہوگئی کہ وہ کلاشنکوف اپنے کندھے پر رکھ کر بآسانی اپنے دشمن کو نشانہ بنا سکتا ہے اور بیک وقت تیس چالیس افراد کو موت کے گھاٹ اتار سکتا ہے، چنانچہ یہ ہتھیار دیکھتے ہی دیکھتے شہرت اور پذیرائی حاصل کر گیا۔ 1947ء میں ایجاد ہونے والے اس ہتھیار کا نام ابتدا میں کلاشنکوف رائفل تھا۔ 60 سال قبل جب یہ رائفل تیار کی گئی تو اس کے موجد کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ اس کی ایجاد زمین پر کیا کیا قیامتیں ڈھائے گی اور دنیا بھر کے دہشت گرد، حریت پسند اور جرائم پیشہ عناصر اس کے گرویدہ ہو جائیں گے۔ اس ہتھیار کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس وقت دنیا بھر میں دس کروڑ کے لگ بھگ اے کے 47 رائفلیں استعمال کی جا رہی ہیں۔

یہ رائفل دنیا کے کئی ممالک میں ہونے والے دہشت گردی کی وارداتوں میں بے دریغ استعمال کی گئی ہے، علاوہ ازیں افریقہ کے چار ممالک میں اے کے 47 سے لیس افواج نے اس ہتھیار کے سہارے چار دفعہ بغاوتیں کی ہیں۔ مشرقِ وسطیٰ کے ممالک میں اے کے 47 سے بینک لوٹنے کی وارداتیں ہوتی رہی ہیں جبکہ امریکہ میں بھی بینک لوٹنے کی وارداتوں اور قتل و غارت گری کے واقعات میں یہی ہتھیار استعمال ہو رہا ہے۔

اب کچھ اس ہلاکت خیز ایجاد کے موجد کے بارے میں، اس بلا کے خالق میخائل کلاشنکوف کا پورا نام Mikhail Timofeyevich Kalashnikov ہے۔ میخائل کلاشنکوف 10 نومبر 1919ء کو سائبیریا میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد ایک غریب کسان تھے۔ اشتراکی روس میں اصلاح اراضی کا عمل شروع ہوا تو اس کے نتیجے میں کلاشنکوف کے والد کو بہت ناانصافیاں برداشت کرنی پڑیں اور اس صدمے کے باعث وہ چل بسے۔ والد کے انتقال کے بعد نوعمر کلاشنکوف شہر شہر، گاؤں گاؤں آوارہ گردی کرنے لگا۔ اسی دوران اس کے دل میں بندوق استعمال کرنے کے شوق نے گھر کر لیا۔ جب دوسری عالمی جنگ شروع ہوئی تو وہ فوج میں شامل ہو کر ٹینک کمانڈر مقرر ہوا۔ بحیثیت ٹینک کمانڈر اس نے متعدد آتشیں ہتھیاروں میں ٹیکنیکل اصلاحات کیں اور انہیں پہلے سے کہیں زیادہ کارآمد بنا دیا۔

اس وقت روسی فوج میں خاصا وزنی اسلحہ استعمال ہوتا تھا اور بھاری مشینوں کو کئی کئی افراد مل کر اٹھاتے تھے۔ خاص طور پر بھاری مشین گنوں کا استعمال جنہیں کئی سپاہی مل کر اٹھاتے تھے، سرخ فوج کے لئے دردِ سر بنا ہوا تھا۔

یہ صورتحال دیکھتے ہوئے میخائل کلاشنکوف کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ اشتراکی فوج کے لئے ایسا سلحہ زیادہ مناسب رہے گا جسے کوئی ایک آدمی بھی بآسانی اٹھا کر حرکت کر سکے، لہٰذا وہ اس خیال کو عملی شکل دینے کے لئے سوچ بچار میں مشغول رہنے لگا۔ سوچ بچار کا یہ سلسلہ دوسری جنگ عظیم ختم ہونے کے بعد بھی جاری رہا۔ نوجوان میخائل ہر وقت ہلکے اسلحے کی تیاری کی فکر میں مگن رہتا یہاں تک کہ رات کو جب تمام فوجی محو خواب ہوتے میخائل کلاشنکوف اپنے تصور کے مطابق بندوق ڈیزائن کرنے میں مصروف رہتا۔ بالآخر کئی دنوں کی محنت اور رت جگوں کے بعد اس نے جو ڈیزائن تیار کیا وہ سب کو بہت پسند آیا، کیونکہ یہ بندوق اس قدر ہلکی پھلکی تھی کہ اسے کندھے پر اٹھا کر نہ صرف چلا جا سکتا تھا بلکہ دوڑ بھی لگائی جا سکتی تھی۔ میخائل کلاشنکوف کی یہ ایجاد سرخ فوج کے حکام کو بہت بھائی اور اسے اس کے بانی کے نام سے موسوم کر دیا گیا۔ کلاشنکوف کے تخیل نے کیونکہ 1947ء میں عملی شکل اختیار کی تھی چنانچہ اس کے نام میں شامل سینتالیس کا عدد اس کے سن ایجاد کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

''اے کے 47، دی سٹوری آف دی پیپلز گن'' کے نام سے حال ہی میں شائع ہونے والی کتاب کے مصنف مائیکل ہو جس نے اپنی کتاب کے سلسلے میں جب میخائل کلاشنکوف سے رابطہ کیا تو اس سے گفتگو کرتے ہوئے مشہور بلکہ بدنام زمانہ ایجاد کے موجد نے بڑے تاسف سے کہا:

''آج مجھے محسوس ہو رہا ہے کہ میں نے کلاشنکوف کے بجائے گھاس کاٹنے کی مشین ایجاد کی ہوتی تو اچھا ہوتا۔ اس رائفل نے تو قہر برپا کر رکھا ہے۔ مجھے تو کسی سے بھی دشمنی نہ تھی، میں نے تو بس ایک ٹیکنالوجی ایجاد کی تھی''۔

میخائل کلاشنکوف اپنی ایجاد پر متاسف اور شرمسار نظر آتے ہیں مگر انہیں یہ احساس شرمندگی اور تاسف سے بچا سکتا ہے کہ ان کی ایجاد کردہ رائفل جہاں لاتعداد معصوم اور نہتے افراد کا خون بہا چکی ہے وہیں یہ ہتھیار ظلم اور استعمار سے لڑنے والوں کے بھی بڑا کام آیا ہے، مثلاً امریکہ کی سفاک افواج کے خلاف لڑنے کے لئے ویت نام کے گوریلوں نے کلاشنکوف ہی کے ذریعے سے مسلسل گوریلا جنگ کی تھی اور بالآخر امریکیوں کو اپنے وطن سے مار بھگایا تھا۔ آج اسرائیل کے پاس ایٹم بم سمیت طرح طرح کے مہلک ہتھیار ہیں، لیکن فلسطینی حریت پسندوں کے کاندھوں پر لٹکی اے کے 47 رائفل سے اسرائیلی ڈرتے ہیں۔

اے کے 47 صرف انقلاب برپا کرنے یا دہشت گردی کی وارداتوں ہی کے لئے استعمال نہیں ہو رہی بلکہ امریکہ میں تو یہ ہتھیار چھری چاقو کی طرح عام آدمی کے استعمال کی شے بن گیا ہے اور نوبت یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ ٹین ایجر لڑکے لڑکیاں بازاروں میں کھلے عام بکنے والی کلاشنکوف خرید لیتے ہیں اور کبھی کبھی ہیجانی کیفیت میں اس ہتھیار کا استعمال بھی کر لیتے ہیں۔

یوں اے کے 47 گلی محاذ جنگ کے بجائے کوچوں کی گن بن گئی ہے۔ 1980ء کے عشرے تک ہالی وڈ کی فلموں کا کاؤبوائے پستول استعمال کرتے نظر آتے تھے، لیکن امریکی فلمی صنعت کی ایکشن فلموں میں کلاشنکوف راج کر رہی ہے۔ ایک تخمینے کے مطابق امریکہ کے صف اول کے دشمن گردانے جانے والی سابق ریاست سوویت یونین کی یہ سوغات امریکہ کے ہر چوتھے گھر میں موجود ہے۔ ایٹم بم اپنے وجود میں آنے کے بعد سے صرف دو دفعہ جاپان میں استعمال ہوا ہے لیکن کلاشنکوف جب سے ایجاد ہوئی ہے تب سے مسلسل استعمال ہو رہی ہے۔ شاید ہی کوئی دن ہو جب کلاشنکوف کی ہیبت ناک آواز دنیا کے کسی نہ کسی خطے میں نہ گونجتی ہو۔ کلاشنکوف کی بابت تحریر کردہ کتاب میں کہا گیا ہے کہ القاعدہ کے عسکریت پسندوں کو اسامہ بن لادن تھوک کے حساب سے اور نہایت کم قیمت پر اے کے 47 خرید کر دیتا ہے اور پھر یہ رائفل افریقہ میں ایک لاکھ روپے فی کس کے حساب سے فروخت ہوتی ہے۔ کتاب کے مطابق ان کلاشنکوفوں کے خریدار ہیروں کی کان کے مالکان ہیں جو اس ہتھیار کو اپنے لئے ناگزیر تصور کرتے ہیں۔ دوسری طرف ہیرے لوٹنے اور چھیننے کی وارداتوں میں ملوث افراد بھی کلاشنکوف بردار ہوتے ہیں۔

جارج بش نے عراق پر حملہ کرتے وقت اس الزام کا سہارا لیا تھا کہ صدام حسین کے پاس ''اجتماعی ہلاکت کے مہلک ترین ہتھیار'' ہیں، تاہم ''واشنگٹن پوسٹ'' سے وابستہ صحافی لیری کا ہانر اے کے 47 کو ''اجتماعی ہلاکت کا ہتھیار'' قرار دیتے ہیں۔ وہ اپنے مؤقف کو سو فیصد درست قرار دیتے ہوئے کہتے ہیں ''اے کے 47 کے خلاف آپ کا محافظ کوئی نہیں، یہ تو بکتر بند کو بھی چھید ڈالتی ہے''۔

کلاشنکوف کے بارے میں لیری کا ہانر کی رائے اس حقیقت کو پیش نظر رکھتے ہوئے صحیح معلوم ہوتی ہے کہ ویت نام اور کئی دوسرے ایشیائی ممالک میں جہاں امریکی فوج نے کلاشنکوف کے مقابلے پر نہایت جدید قسم کی ایم 16 مشین گن استعمال کی تھی لیکن یہ مشین

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم انیس احمد ندیم صاحب مربی انچارج جاپان

جماعت احمدیہ جاپان کا
خلافت احمدیہ صدسالہ جوبلی کا جلسہ

جماعت احمدیہ جاپان میں خلافت جوبلی تقریبات کا آغاز تو یکم جنوری سے ہی ہو چکا ہے، جب احباب جماعت نے نماز تہجد میں سجدہ ریز ہو کر اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرتے ہوئے خلافت جوبلی سال کا استقبال کیا۔

امسال جماعت احمدیہ جاپان کا خلافت جوبلی جلسہ سالانہ حسب معمول OKAZAKI شہر میں منعقد ہوا ہے۔ یہ جگہ جماعت احمدیہ جاپان کے مرکز ناگویا سے ساٹھ کلو میٹر دور ہے اور ایک یوتھ سنٹر میں جلسہ منعقد کیا جاتا ہے جہاں قیام اور طعام کا بھی انتظام ہوتا ہے۔ امسال جلسہ سالانہ 4,3 مئی 2008ء کو منعقد ہوا جس کے لیے ٹوکیو سے مہمان جمعرات کی شام سے ہی پہنچنا شروع ہو چکے تھے۔ نیز خدام الاحمدیہ جاپان نے وقارعمل، شعبہ ضیافت نے کھانے کی تیاری کا سلسلہ کچھ دن پہلے سے ہی شروع کر دیا تھا۔

3 مئی کو صبح 9 بجے رجسٹریشن کا آغاز ہوا اور ساڑھے دس تک مہمانوں کی آمد کا سلسلہ مکمل ہو چکا تھا۔ ساڑھے دس بجے پرچم کشائی کی تقریب ہوئی مکرم محمد یوسف ڈار صاحب نیشنل صدر جاپان نے لوائے احمدیت اور خاکسار نے جاپان کا قومی پرچم لہرایا۔ لوائے احمدیت کے فضا میں بلند ہوتے ہی فضا نعرہ ہائے تکبیر، خلافت احمدیہ زندہ باد کے نعروں سے گونج اُٹھی۔ خدام الاحمدیہ کا ایک گروپ خدام الاحمدیہ کے رومال پہنے

اے لوائے احمدیت قوم احمد کے نشاں
تجھ پہ کٹ مرنے کو ہیں تیار تیرے پاسباں

بڑی خوش الحانی اور بلند آواز سے پڑھتا رہا۔

پہلا سیشن

